## الطاف حسین کا ممتاز دانشور اور روزنامہ عوام کے ایڈیٹر نذیر لغاری
## کے بھانجے اور بھانجی کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

لندن:۔۔۔02/جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز دانشور روزنامہ عوام کے ایڈیٹر نذیر لغاری کے 17 سالہ بھانجے حامد علی ولد علی بخش لغاری اور 20 سالہ بھانجی صبیحہ ولد علی بخش لغاری کے نارتھ ناظم آباد میں ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور نذیر لغاری سمیت تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے پیش نظر عوام کو ٹرانسپورٹ کرایوں اور زندگی کی دیگر بنیادی اشیاء میں فی الفور ریلیف فراہم کیا جائے، رابطہ کمیٹی
## ٹرانسپورٹ برادری اور دیگر متعلقہ شعبوں سے رابطہ کمیٹی کی پرزور اپیل
## ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد اس مد میں متعلقہ شعبوں کی جانب سے ریلیف کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے

کراچی۔۔۔2، جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پٹرولیم مصنوعات، سی این جی اور ایل پی جی قیمتوں میں نمایاں کمی کو خوش آئند قرار دیا ہے اور ٹرانسپورٹرز برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر مسافر کرایوں میں فی الفور کمی کریں تاکہ عوام کو مہنگائی کے دور میں ریلیف میسر آسکے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور خورد و نوش کی بنیادی اشیاء میں اضافہ کر دیا جاتا ہے اور اخلاقی و انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ پیرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے اب عوام کو بھی ٹرانسپورٹ کرایوں، دودھ، آٹے اور زندگی کی دیگر بنیادی اشیاء میں ریلیف فراہم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد اس مد میں متعلقہ شعبوں کی جانب سے ریلیف کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے اور عوام کو اس حق کی فراہمی اخلاقی، سماجی اور معاشی ترقی و خوشحالی کا ضامن ہے۔رابطہ کمیٹی نے ٹرانسپورٹرز برادری اور متعلقہ دیگر شعبوں سے اپیل کی کہ وہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں نمایاں کمی کے پیش نظر فی الفور مسافر کرایوں اور دیگر ضروریات زندگی کی بنیادی اشیاء میں کمی کریں اور اس ضمن میں اپنے فرائض جلد ادا کریں۔

## کراچی کے مختلف علاقوں میں رہائش پذیر برمی اور بنگالی معززین کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نیک محمد اور اشفاق منگی سے ملاقات، بنگالی اور برمی عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا
## حق پرست منتخب نمائندے شہر بھر میں برمی اور بنگالی عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔2، جولائی2012ء

کراچی کے مختلف علاقوں میں رہائش پذیر بنگالی اور برمی معززین کے ایک نمائندہ وفد نے مولانا شبیر احمد، خرم شہزاد اور انجینئر حبیب الرحمان کی سربراہی میں خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نیک محمد اور شفاق منگی سے ملاقات کی اور انہیں بنگالی و برمی عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج و اراکین بھی موجود تھے۔وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن کے مطابق حق پرست نمائندے عوام کی بلاتفریق عملی خدمت میں مصروف ہیں جس سے تمام قومیتوں حتیٰ کہ مذہبی اقلیتوں کے عوام بھی مستفید ہو رہے ہیں۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے درخواست کی کہ شہر میں برمی اور بنگالی عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں۔ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بنگالی اور برمی معززین کے وفد کے مسائل کو توجہ سے سنا اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر مدد و تعاون کی یقین دہانی کرائی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ برمی اور بنگالی عوام کی قائد تحریک جناب الطاف حسین سے محبت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے اور ایم کیو ایم کے حق پرست منتخب نمائندے شہر بھر میں برمی اور بنگالی عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

## یعقوب بلوچ کا قتل کراچی کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے، یوسف شاہوانی

کراچی۔۔۔2، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے ناظم آباد کے علاقے میں نیشنل پارٹی کراچی کے صدر یعقوب بلوچ کو مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں یوسف شاہونی نے کہا کہ بعض عناصر عوام کے درمیان نفرتیں پھیلانے اور شہر میں لسانی فسادات کروانے کیلئے ناحق معصوم شہریوں کو آگ وخون میں نہارہے ہیں اور یعقوب بلوچ کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد عوام میں نفرتیں پھیلا کر شہر میں لسانی فسادات کو ہوا دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ایم کیوایم کے معصوم وبیگناہ کارکنان، ہمدردوں اور معصوم شہریوں کو اغواء اور ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے قتل وغارتگری کا نشانہ بنایا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب کراچی میں آباد غیر مقامی افراد کو دہشت گردی کی بھینٹ چڑھا کر شہر میں لسانی فسادات کی آگ بھڑکانے کیلئے نفرتوں کا بازار گرم کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پیار ومحبت اور امن وآتشی کا پیغام لیکر نفرتیں ختم کررہی ہے جو قتل وغارتگری اور دہشت گردی کے خلاف ہے۔یوسف شاہوانی نے نیشنل پارٹی کراچی کے صدر یعقوب بلوچ شہید کے سوگوار لواحقین اور عقیدت مندوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔یوسف شاہوانی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا کہ یعقوب بلوچ کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور شہر میں قتل وغارتگری میں ملوث امن دشمن عناصر کو گرفتار کرکے کراچی کو آگ وخون میں جلنے سے بچایا جائے۔

## ایم کیوایم کے سینئر کارکن اور ایم کیوایف کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نوید یوسفی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سینئر کارکن اور ایم کیوایف کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نوید یوسفی کے والد عبدالغنی یوسفی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور نوید یوسفی سمیت مرحوم کے تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی نوید یوسفی کے والد عبدالغنی یوسفی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ (آمین)

## ایم کیوایم نے دوسال میں شگر میں 12 اسکولوں کا افتتاح کرکے تعلیمی میدان میں انقلاب برپا کیا ہے، راجہ اعظم خان
## شگر میں نکالی گئی استقبالی ریلی کے شرکاء سے خطاب

اسکردو۔۔۔2، جولائی 2012ء

حق پرست وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ گلگت بلتستان راجہ اعظم خان نے کہا ہے کہ کوئی بھی جماعت گلگت بلتستان کو اپنا کہنے سے گھبراتی ہے جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہر فورم پر گلگت بلتستان کو پاکستان کا حصہ قرار دیا ہے اور اس کا منہ بولتا ثبوت یہ ہے کہ گلگت بلتستان کو صدارتی آرڈیننس کے تحت موجودہ سیٹ اپ کے لئے سب سے پہلے قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ نے قرارداد پیش کی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے شگر میں نکالی گئی استقبالیہ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین میلوں دور لندن میں رہتے ہوئے بھی ہمارے حقوق کے لئے لڑرہے ہیں اور ہر فورم پر گلگت بلتستان کو پاکستان کا حصہ قرار دیتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی بنیاد تعلیم سے ہوئی ہے اس لیے متحدہ قومی موومنٹ تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہی ہے ان دوسالوں میں متحدہ قومی موومنٹ نے شگر میں 12 اسکولوں کا افتتاح کرکے تعلیمی میدان میں انقلاب برپا کیا ہے۔اس موقع پر انہوں نے شگر میں گرلز ہائی اسکول کو ہائیر سیکنڈری اور 6 مڈل اسکولوں کو ہائی اسکول اور 15 نئے پرائمری اسکولوں کا بھی اعلان کیا۔انہوں نے کہا کہ ان تمام اسکولوں کی منظوری ہوچکی ہے اور بہت جلد ان پر کام شروع ہوگا اور یہ علاقہ تعلیمی میدان میں انشاللہ پورے گلگت بلتستان میں سب سے آگے ہوگا۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ بلتستان زون شگر، ڈسٹرکٹ گانچھے، سب ڈویژن رونڈو اور کھرمنگ اور چلاس کے ذمہ داران کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی میں جو کردار ادا کررہی ہے وہ قابل تقلید ہے۔

## ایم کیوایم کسی بھی قسم کی تفریق کے خلاف ہے الطاف حسین کی نظر میں تمام لوگ ایک ہیں

## رضا ہارون اور دیگر کا معذور افراد کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وانفارمیشن ٹیکنالوجی کے حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کسی بھی قسم کی تفریق کے خلاف ہے الطاف حسین کی نظر میں تمام لوگ ایک ہیں لہٰذا معذور افراد کو اس بناء پر علیحدہ نہ کیا جائے کہ وہ معذور ہیں۔الطاف حسین معذور افراد سے دل کی گہرائیوں سے سچی محبت کرتے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے شروع دن سے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں معذور افراد کے اعزاز میں ایم کیوایم کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔تقریب میں خصوصی افراد نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی جو ویل چیئرز ،اسٹریچرز ، بیساکھیوں پر تشریف لائے جن میں آنکھوں کی بینائی،قوت سماعت،قوت گوئی سے محروم تھے۔رضا ہارون نے کہا کہ ہم جب کوئی جلسہ کرتے ہیں تو یہ تصور کرتے ہیں کہ الطاف حسین بھائی ہمارے درمیان موجود ہیں اور آج بھی اس جلسے میں الطاف حسین بھی روحانی طور پر ہمارے ساتھ موجود ہیں۔انہوں نے اسمبلی لاء اینڈ جسٹس کمیٹی سے بل پاس کروانے پر تمام حق پرست نمائندوں کو مبارکباد پیش کی اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ ایک طبقہ آبادی اس ملک کی نمائندگی سے محروم تھا جس کو قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کے مطابق نمائندگی دلانے کیلئے حق پرست نمائندوں نے ایک قابل ستائش کام کیا ہے۔انہوں نے تمام پارلیمانی لیڈر سے اپیل کی کہ وہ اس بل کو بنیادی مسئلہ سمجھتے ہوئے فوری منظور کریں گے ۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں ترقی کے عمل کو پہنچ گئی ہیں ان افراد کیلئے دنیا بھر میں پالیسی ہے کہ اب علیحدہ سے اسکول، کالج یا گھر نہیں بنائے جاتے ہیں اور نوکریوں میں علیحدہ انتظام نہیں رکھا جاتا بلکہ انہیں بچپن سے عام بچوں کے ساتھ رہے تاکہ باقی ماندہ زندگی میں اس احساس محرومی نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ یہ لمحہ فکر یہ ہے کہ 342 کے ایوان میں صرف پچیس لوگ خصوصی افراد کیلئے سوچ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ایم کیوایم میں تفریق رکھی ہی نہیں ، معذور افراد ہم سے الگ نہیں بلکہ وہ ہمارا حصہ ہیں،انہوں نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھی تفریق کے عمل سے دور رہیں اور ایم کیوایم کی پالیسی کو اپناتے ہوئے جدوجہد جاری رکھیں۔انہوں نے کہا کہ معذور افراد کو معذور نہ کہا جائے یہ پاکستان کے اندر ایک طبقہ آبادی ہے اور اس طبقہ آبادی کیلئے ہم جو کچھ کرسکیں وہ ہمیں کرنا ہوگا۔ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرا نے کہا کہ ایم کیوایم مذہب،عقیدے، مسلک ،قومیت اور زبان سے بالاتر ہو کر کام کررہی ہے ،جب کسی نے حق کا علم بلند کیا چاہئے وہ حسین ہوں یا الطاف حسین ہوں جناب الطاف حسین نے معذور افراد کیلئے بل پیش کروا کر ان میں نیا حوصلہ وہمت ڈالی ہے جو اب اپنا مقدمہ خود لڑنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ایک شرکاء نے منّے بھائی نے کہا کہ آج ایک تاریخی دن ہے،الطاف حسین اور ایم کیوایم کی لیڈر شپ نے وہ کر دکھایا ہے جو اب تک کسی سیاسی جماعت نے نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ معذور کی کوئی شناخت نہیں تھی لیکن الطاف حسین اور ایم کیوایم نے انہیں ان کی شناخت دیدی جس پر ہم ان کے بیحد شکر گذار ہیں جو کام ہم 25 سال کی جدوجہد میں نہ کرسکے وہ انہوں نے صرف 25 مہینوں میں کر دکھایا۔انہوں نے جناب الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے خوبصورت نظم پڑھی۔شکیل احمد خان نے تقریب کو تاریخی جلسہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی میں ایک بل منظور ہونے جارہا ہے اور جلد اس حوالے سے قانون بھی بن جائیگا۔شرکاء میں سے ایک اور مقرر پیرزادہ نے کہا کہ ٹیلنٹ معذور افراد میں بھی اتنا ہی ہے جتنا دنیا بھر کے ٹیلنٹڈ افراد میں تاہم اس کو ابھرنے کی ضرورت تھی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے معذور افراد کیلئے اٹھائی جانے والی آواز نے حقیقت کا روپ لیکر معذوروں کو جینے کا حق دیا۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی کتاب ’’ سفر زندگی‘‘ کا سندھی زبان میں ترجمہ ہونے پر مبارکباد پیش کی کہا کہ اس کتاب کو آواز میں شائع کیا جائے تو بینائی سے محروم افراد بھی اس سے استعفادہ کرسکیں گے۔عدنان سرور نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا مطلب متحدہ قوم ہے جس میں تمام قومیتیں شامل ہیں۔الطاف حسین نے اپنا ایک اور وعدہ پورا کردیا۔انہوں نے معذور افراد سے وعدہ کیا تھا کہ وہ معذور افراد کیلئے کچھ ضرور کرینگے اور آج انہوں نے کر دکھایا۔انہوں نے جناب الطاف حسین تندرستی اور صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے معذوروں کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔محمد حسین نے قومی اسمبلی اور چاروں اسمبلیوں میں خصوصی افراد کیلئے بل پاس کرنے پر جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایم کیوایم نے جس طرح ہماری آواز کو ایوانوں میں اٹھایا اور ہماری رہنمائی کی اس پر ہم الطاف حسین اور ایم کیوایم کے شکر گذار ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج جن لوگوں کو معذور کہا جاتا ہے ایم کیوایم ثابت کردیا ہے ک وہ معذور نہیں باشعور ہیں۔

## امید ویلفیئر کے کاشف نے اپنے شہید ماموں کی گاڑی کی چابی رضا ہارون کو پیش کی

کراچی ۔۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

معذور افراد کے اعزاز میں ایم کیو ایم کے تحت منعقدہ تقریب میں ایک خصوصی نوجوان کاشف نے رضا ہارون کی تقریر کے دوران اسٹیج پر آ کر کہا کہ وہ ایک معذور ہے جو امید اسپیشل ویلفئر ٹرسٹ کے نام سے ایک چھوٹا سا ادارہ چلا رہا ہے ۔اس نوجوان نے رضا ہارون کو گاڑی کی چابی پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کے ماموں جو ایم کیو ایم کے کارکن تھے 92ء کے آپریشن کے دوران شہید کر دیا گیا تھا جن کی فور ویل گاڑی آج بھی اس کے پاس ہے جو کسی ضرورتمند بہادر کو دینا چاہتا ہیں جو کسی ضرورت مند کے کام آئے ۔اس موقع پر رضا ہارون نے نوجوان کے جذبات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جہاں اسی محبت لگن اور سوچ ہو گی وہاں کامیابی یقیناً ان کا مقدر بنے گی ۔ر

☆☆☆☆☆